# HOLY FAITH PRESENTATION SCHOOL
RAWALPORA SRINAGAR KASHMIR
TERM- I ASSIGNMENT (Class: - 9th – Urdu)

جماعت۔نویں اردو۔اے میقات۔اول

## سبق ۔ماحولیاتی آلودگی

الفاظ معنی کتاب سے کاپی پر لکھنا اور یاد کرنا۔

سوالات۔

**سوال۔ ماحولیاتی آلودگی سے کیا مراد ہے؟**

جواب۔ ماحولیاتی آلودگی سے مراد گرد و پیش کے ماحول کا گندہ یا آلودہ ہونا۔

**سوال۔ قدرت کے دو انمول تحفے کون سے ہیں؟**

جواب۔ ماحول اور آب و ہوا قدرت کے دو انمول تحفے ہیں جن کی قیمت کا اندازہ نہیں لگایا جا سکتا۔

**سوال۔ جنگلات کی کٹائی سے کون سے خطرات پیدا ہو گئے ہیں؟**

جواب۔ جنگلات کی کٹائی جس پیمانے پر جاری ہے اس سے ماحولیات کے لیے مزید خطرہ پیدا ہو گیا ہے۔اس کا براہ راست نتیجہ یہ ہے کہ ملک میں بارش کا توازن بگڑ چکا ہے اور مٹی کا بڑا حصہ بڑے دریاؤں اور سمندر میں ضم ہوتا جا رہا ہے۔سیلاب سے ہر سال ملک کو سخت نقصان اٹھانا پڑتا ہے اور ان سب سے حفاظت کے لیے جنگلات کا ہونا اشد ضروری ہے۔

**سوال۔ کیوں کہا گیا ہے بڑے اور صنعتی شہروں میں آج سانس لینا بھی مشکل معلوم ہوتا ہے۔؟**

جواب۔ بڑے اور صنعتی شہروں میں آج سانس لینا بھی مشکل معلوم ہوتا ہے۔اس کی بڑی وجہ وہاں کارخانوں اور فیکٹریوں سے نکلنے والے دھوئیں اور چھوٹی بڑی گاڑیوں سے خارج شدہ زہریلی گیسوں کی ثقافت ہے۔

**سوال۔ کیوں کہا گیا ہے توازن ذرا بھی بگڑا تو زندگی کے لئے سخت خطرہ لاحق ہو جائے گا**

جواب۔ انسانی زندگی کا دارو مدار ہوا۔ پانی۔ غذا اور حرارت پر ہے جو کہ ہمارے ماحول پر منحصر ہیں۔ ماحول کا توازن بگڑ جانے سے انسان کی زندگی کو سب سے زیادہ خطرہ لاحق ہے۔ انسان کا جسم ایک منظم طریقے سے کام کرتا ہے۔ ماحول کا توازن بگڑ جانے سے اس کے طریقہ کار میں خلل پڑتا ہے اور انسانی زندگی کو خطرہ لاحق ہوتا ہے۔

**سوال۔ مندرجہ ذیل مصادر کے حاصل مصدر لکھیے۔**

جوابات۔ ڈانٹ۔ ہنس۔ ہار۔ ناچ۔ لکھ۔ ٹوک۔ خرید۔